رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عامہ سال اول** — پرچہ: **پہلا** — مضمون: **السیرۃ النبویۃ**

تاریخ: **01-02-2025** — دن: **ہفتہ** — کل وقت: **30 منٹ** — کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتشہ: ______

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: قبیلہ ۔۔۔ فصاحت و بلاغت میں اپنا جواب نہیں رکھتا تھا۔

(الف) بنو قریظہ　(ب) بنو ہاشم　(ج) بنو ساعد　(د) بنو تمیم

سوال نمبر 2: حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا کی ۔۔۔ صاحبزادیاں تھی۔

(الف) 1　(ب) 2　(ج) 3　(د) 4

سوال نمبر 3: حضور علیہ السلام ۔۔۔ ماہ کی عمر میں چلنے پھرنے کی قوت حاصل کر چکے تھے۔

(الف) 2　(ب) 3　(ج) 4　(د) 5

سوال نمبر 4: حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا کے پاس ۔۔۔ بکریاں تھیں۔

(الف) 5　(ب) 6　(ج) 7　(د) 8

سوال نمبر 5: ۔۔۔ پر حضور علیہ السلام کے قدم شریف کا نشان نہیں پڑتا تھا۔

(الف) مٹی　(ب) ریت　(ج) پتھر　(د) پانی

سوال نمبر 6: آپ علیہ السلام تقریباً ۔۔۔ سال تک قبیلہ بنی ساعد میں برکتیں لٹاتے رہے۔

(الف) 4　(ب) 5　(ج) 9　(د) 10

سوال نمبر 7: حضور علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا انتقال مقام ۔۔۔ پر ہوا۔

(الف) مقام عرفات　(ب) مقام منیٰ　(ج) مقام جعرانہ　(د) مقام ابواء

سوال نمبر 8: آپ علیہ السلام ۔۔۔ سال کی عمر میں اپنے چچا ابو طالب کے گھران کی کفالت میں آئے۔

(الف) 7　(ب) 8　(ج) 9　(د) 10

سوال نمبر 9: آپ علیہ السلام 10 سال کی عمر میں ۔۔۔ کی طرف سفر کے لئے نکلے۔

(الف) شام　(ب) عراق　(ج) ایران　(د) یمن

سوال نمبر 10: حضور علیہ السلام نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے لئے ۔۔۔ سفر یمن کی طرف فرمائے۔

(الف) 2　(ب) 3　(ج) 4　(د) 8

سوال نمبر 11: چوتھا باب رسول اللہ ﷺ کے/کی ۔۔۔ سے متعلق ہے۔

(الف) لڑکپن　(ب) جوانی　(ج) شمائل　(د) شجاعت

سوال نمبر 12: ۔۔۔ مکہ کی مالدار اور معزز خاتون تھیں۔

(الف) حضرت خدیجہ　(ب) حضرت عائشہ　(ج) حضرت آمنہ　(د) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہن

سوال نمبر13: حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا حضور علیہ السلام کی رشتہ میں۔۔۔ لگتی تھیں۔

(الف) خالہ (ب) خالہ زاد بہن (ج) پھوپھی (د) پھوپھی زاد بہن

سوال نمبر14: جب حرم کعبہ میں سیلابی پانی آیا اس وقت حضور علیہ السلام کی عمر۔۔۔سال تھی۔

(الف)33 (ب)34 (ج)35 (د)36

سوال نمبر15: ۔۔۔میں آپ علیہ السلام پر وحی نازل ہوئی۔

(الف) شعبان (ب) رمضان (ج) شوال (د) محرم

سوال نمبر16: غلاموں میں سب سے پہلے۔۔۔ایمان لائے۔

(الف) حضرت خباب (ب) حضرت حارث (ج) حضرت بلال (د) حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہم

سوال نمبر17: حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے جسم پر زندگی بھر۔۔۔کے نشانات رہے۔

(الف) کوڑوں (ب) انگاروں (ج) کوئلوں (د) کفار کے مظالم

سوال نمبر18: حبشہ کا بادشاہ۔۔۔تھا۔

(الف) ہرقل (ب) کسریٰ (ج) نجاشی (د) منذر بن ساوی

سوال نمبر19: بنی ہاشم۔۔۔سال تک اس گھاٹی میں رہے۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر20: ۔۔۔کے انگور اور شہد کافی مشہور ہیں۔

(الف) مکہ (ب) طائف (ج) جزان (د) ریاض

سوال نمبر21: سفر طائف میں آپ ﷺ کے غلام۔۔۔آپ کے ساتھ تھے۔

(الف) حضرت بلال (ب) حضرت ابن مسعود (ج) حضرت خباب (د) حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہم

سوال نمبر22: عبد یا لیل اور اس کے۔۔۔بھائیوں کو حضور ﷺ نے اسلام کی دعوت دی۔

(الف)1 (ب)2 (ج)3 (د)4

سوال نمبر23: مسلمانوں کی ہجرتِ اولیٰ۔۔۔کہلاتی ہے۔

(الف) ہجرتِ مدینہ (ب) ہجرتِ حبشہ (ج) ہجرتِ شام (د) ہجرتِ طائف

سوال نمبر24: عورتوں میں سب سے پہلے۔۔۔ایمان لائیں۔

(الف) حضرت عائشہ (ب) حضرت خدیجہ (ج) حضرت فاطمہ (د) حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہن

سوال نمبر25: ہجرتِ حبشہ کرنے والوں کی تعداد تھی۔

(الف)81 (ب)82 (ج)83 (د)84

KANZUL MADARIS BOARD

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عامہ سال اول** — پرچہ: **پہلا** — مضمون: **السیرۃ النبویۃ**

تاریخ: **01-02-2025** — دن: ہفتہ — کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** — کل نمبر: **75**

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

# حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: آپ ﷺ کی ولادت پر ظاہر ہونے والے واقعات میں سے تین بیان کیجیے۔

سوال نمبر 2: اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے کس کو چنا؟

سوال نمبر 3: حضور ﷺ کی والدہ ماجدہ کا نسب شریف تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 4: اہل عرب بچوں کو پالنے کے لئے دیہات میں کیوں بھیج دیتے تھے؟ وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: معاہدہ حلف الفضول کو حلف الفضول کیوں کہتے ہیں؟ وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: حضور ﷺ پر وحی کی ابتداء کیسے ہوئی؟ قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 7: صحابہ کرام علیہم الرضوان پر جو ظلم وستم ہوئے اس کے متعلق ایک واقعہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: دسویں سال کو عام الحزن کہنے کی وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: حضور ﷺ کو کتنی عورتوں نے دودھ پلایا نیز ان کو اس کا کیا انعام ملا؟

سوال نمبر 10: کفار نے مدینہ کے رئیس کی طرف کیا خط لکھا؟

سوال نمبر 11: مسلمانوں اور کفار کے درمیان سب سے بڑی جنگ کونسی ہوئی؟

سوال نمبر 12: بیعت رضوان کا سبب کیا تھا؟

سوال نمبر 13: حضور ﷺ کے پسندیدہ لباس میں سے تین کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: حضور ﷺ کی سواریوں میں سے تین کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: وفود کا سال کونسا ہے نیز وفود کس کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 16: حضور ﷺ پر احد سے زیادہ سخت دن کونسا گزرا؟

سوال نمبر 17: آپ ﷺ کے اعلان کے وقت مدینہ شریف میں کتنے قبائل تھے؟ نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: بیعت عقبہ اولی کس کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 19: بیعت عقبہ ثانیہ کب ہوئی اور اس میں کتنے افراد شامل تھے؟

سوال نمبر 20: حضور ﷺ نے ابتدائی عمر کے حصہ میں کیا کلام فرمایا؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: حضور ﷺ کی ولادت باسعادت کس تاریخ و سن میں ہوئی؟ مکمل تفصیل قلمبند کیجیے۔

سوال نمبر 2: قبلہ کی تبدیلی کا واقعہ مختصراً تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 3: صلح حدیبیہ کی 5 شرائط قلمبند کیجیے۔

سوال نمبر 4: حضور ﷺ کی مرغوب غذاؤں پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: حضور ﷺ کے الوداعی خطبہ کے دو ارشادات قلمبند کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **عامہ سال اول** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **دراسۃ القرآن**<br>تاریخ: **03-02-2025** دن: **پیر** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**<br>مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتشہ: ______ | رول نمبر: ____________<br>دستخط طالبہ: ____________ |

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: اسرائیل یعنی اللہ کا بندہ۔۔۔ کا لقب ہے۔

(الف) حضرت ابراہیم (ب) حضرت عیسیٰ (ج) حضرت یعقوب (د) حضرت موسیٰ علیہم السلام

سوال نمبر 2: سورۃ بنی اسرائیل کی رو سے۔۔۔ کرنے والوں کا ٹھکانہ جہنم ہے۔

(الف) قطع تعلّق (ب) ظلم (ج) وعدہ خلافی (د) شیطان کی پیروی

سوال نمبر 3:۔۔۔اُمت پر فرض نہ تھی مگر حضور علیہ السلام پر فرض تھی۔

(الف) نماز چاشت (ب) نماز تہجد (ج) نماز اشراق (د) اوّابین

سوال نمبر 4: سورۃ الکھف میں دنیوی زندگی کو۔۔۔ کے پانی سے تشبیہ دی گئی ہے۔

(الف) سمندر (ب) نہر (ج) بارش (د) دریا

سوال نمبر 5: علم حاصل کرنے کے لئے سفر کرنا۔۔۔ کی بھی سنت ہے۔

(الف) حضرت نوح (ب) حضرت ادریس (ج) حضرت موسیٰ (د) حضرت عیسیٰ علیہم السلام

سوال نمبر 6: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے۔۔۔ کو بتوں کی پوجا سے منع فرمایا۔

(الف) بھائی (ب) بیٹے (ج) چچا (د) بھتیجے

سوال نمبر 7:۔۔۔سے جہنم کی وادیاں بھی پناہ مانگتی ہیں۔

(الف) زمھریر (ب) وَیل (ج) غیی (د) ھاویہ

سوال نمبر 8: قیامت کے دن۔۔۔ کی آنکھیں نیلی اور منہ کالے ہوں گے۔

(الف) کافروں (ب) ظالموں (ج) فاسقوں (د) خائنوں

سوال نمبر 9: انبیاء کرام علیہم السلام۔۔۔ کی وجہ سے عام انسانوں سے ممتاز ہیں۔

(الف) عبادت (ب) حسن اخلاق (ج) صلہ رحمی (د) معجزات

سوال نمبر 10:۔۔۔ میں مسجد کو صاف ستھرا رکھنے کا حکم دیا گیا۔

(الف) سورۃ الحج (ب) سورۃ بنی اسرائیل (ج) سورۃ الکھف (د) سورۃ العنکبوت

سوال نمبر 11: سورۃ الحج میں جن چیزوں کو اللہ تعالیٰ نے عزت و حرمت عطا فرمائی ان کی عزت کرنا۔۔۔۔ ہے۔

(الف) مستحب (ب) جائز (ج) لازم (د) فرض

سوال نمبر 12: سورۃ طٰہٰ کی رو سے۔۔۔ کو بروز قیامت اندھا اٹھایا جائے گا۔

(الف) نافرمانی کرنے والوں (ب) دھوکہ دینے والوں (ج) ظلم کرنے والوں (د) اللہ کے ذکر سے منہ پھیرنے والوں

سوال نمبر13: یتیم بچوں کی دیوار کو۔۔۔نے درست کیا۔

(الف) حضرت زکریا (ب) حضرت خضر (ج) حضرت موسیٰ علیہم السلام (د) حضرت ذوالقرنین رضی اللہ عنہ

سوال نمبر14: اللہ تعالیٰ نے۔۔۔ کو وسیع سلطنت عطا فرمائی۔

(الف) حضرت یحییٰ علیہ السلام (ب) حضرت ادریس علیہ السلام (ج) حضرت ذوالقرنین رضی اللہ عنہ (د) حضرت عمر رضی اللہ عنہ

سوال نمبر15: سورۃ بنی اسرائیل میں۔۔۔ کو سمجھانے کے لئے قرآن پاک میں مختلف مثالیں بیان ہوئیں۔

(الف) مسلمانوں (ب) تمام انسانوں (ج) مومنین (د) فاسقوں

سوال نمبر16: اللہ پاک نے موسیٰ علیہ السلام کو۔۔۔نشانیاں عطا فرمائیں۔

(الف) 12 (ب) 9 (ج) 8 (د) 7

سوال نمبر17: فخر و تکبر سے چلنا۔۔۔ ہے۔

(الف) ممنوع (ب) ناجائز (ج) مباح (د) گناہ

سوال نمبر18: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام۔۔۔ ہے۔

(الف) حضرت بی بی آسیہ (ب) حضرت ہاجرہ (ج) حضرت مریم (د) حضرت سارہ رضی اللہ عنہن

سوال نمبر19: سورۃ الانبیاء میں کثرت سے۔۔۔ کا ذکر ہوا ہے۔

(الف) نماز (ب) انبیاء کرام (ج) زکوۃ (د) وعدہ پورا کرنے

سوال نمبر20: سورۃ الحج کی رو سے۔۔۔ ہمیشہ کفار کا طریقہ رہا ہے۔

(الف) انبیاء کو جھٹلانا (ب) اولیاء کو جھٹلانا (ج) وعدہ خلافی کرنا (د) دھوکہ دینا

سوال نمبر21: سورۃ الحج میں۔۔۔ طرح کے کافروں کی مذمت کی گئی ہے۔

(الف) پانچ (ب) چار (ج) چھ (د) تین

سوال نمبر22: حضرت زکریا علیہ السلام کو بیٹے کی خوشخبری کی نشانی یہ دی گئی کہ وہ۔۔۔ لوگوں سے کلام نہ کر سکیں گے۔

(الف) دو دن (ب) تین دن رات (ج) تین راتیں (د) چار دن رات

سوال نمبر23: بروز قیامت کافر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں۔۔۔ پیش ہوں گے۔

(الف) منہ کے بل (ب) گھٹنوں کے بل (ج) گھسٹتے ہوئے (د) گڑگڑاتے ہوئے

سوال نمبر24: سورۃ الانبیاء کی رو سے۔۔۔ کی کوئی نیکی ضائع نہیں ہو گی۔

(الف) مسلمان (ب) مومن (ج) شکر گزار (د) عبادت گزار

سوال نمبر25: فرمائشی معجزات کا مطالبہ کرنے والوں کو۔۔۔ میں جواب دیا گیا۔

(الف) سورۃ العنکبوت (ب) سورۃ طٰہٰ (ج) سورۃ الانبیاء (د) سورۃ الحج

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عامہ سال اول** | پرچہ: **دوسرا** | مضمون: **دراسۃ القرآن**

تاریخ: **03-02-2025** | دن: **پیر** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: ہمارے پیارے نبی ﷺ کو کن لوگوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا گیا؟

سوال نمبر 2: سورۃ الانبیاء میں قیامت کی کیا نشانی بیان ہوئی؟

سوال نمبر 3: کفار اور مشرکین ہمارے پیارے نبی ﷺ کے معجزات دیکھ کر کیا کہتے تھے؟

سوال نمبر 4: اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو مخاطب فرما کر کن تین انعامات کا ذکر فرمایا؟

سوال نمبر 5: "غیبی" کس وادی کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 6: وہ کونسی نماز ہے جو امت پر فرض نہیں تھی مگر حضور ﷺ پر فرض تھی؟

سوال نمبر 7: مقامِ محمود سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 8: واقعہ معراج سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 9: وہ کونسی امتیازی خصوصیت ہے جو انبیاء کرام کو عام انسانوں سے ممتاز کرتی ہے؟

سوال نمبر 10: کعبہ شریف کی عمارت کس نے بنائی؟

سوال نمبر 11: انبیاء کرام کو جھٹلانے والوں کا دنیا میں کیا انجام ہوا؟ سورۃ الحج کی روشنی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: کیا کسی کے گھر میں داخل ہونے کے لئے اس سے اجازت لینا ضروری ہے؟

سوال نمبر 13: جھوٹی گواہی کا کیا حکم ہے اس سے کون بچتا ہے؟

سوال نمبر 14: سورۃ الشعراء کا نام "الشعراء" رکھنے کی وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: اللہ تعالیٰ نے زمین وآسمان میں جو کچھ ہے کتنے دن میں پیدا فرمایا؟

سوال نمبر 16: سورۃ الحج میں مسجدوں کے متعلق کیا حکم دیا گیا ہے؟

سوال نمبر 17: فرعون نے بنی اسرائیل کے بچوں کو کیوں قتل کروایا تھا؟

سوال نمبر 18: قارون کس قوم سے تھا اور اللہ تعالیٰ نے اس کو کس چیز سے نوازا تھا؟

سوال نمبر 19: سورۃ العنکبوت میں کن لوگوں کے بارے میں فرمایا گیا کہ وہ اللہ پاک کی رحمت سے مایوس ہیں؟

سوال نمبر 20: پیغامِ رسالت سن کر اس پر عمل نہ کرنے والوں کو سورۃ الروم میں کیا فرمایا گیا ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے چچا آزر کو باطل معبودوں کو چھوڑ کر اللہ کی عبادت کی تلقین کی تو کیا جواب ملا نیز دنیوی زندگی کو کس سے تشبیہ دی گئی؟

سوال نمبر 2: حضرت خضر علیہ السلام نے یتیم بچوں کی دیوار کو کیوں درست فرمایا نیز قیامت کے دن کفار کن باتوں کا اظہار کریں گے؟

سوال نمبر 3: سورۃ مومنون میں ایمان والوں کی ذکر کردہ پانچ صفات بیان کیجئے نیز سابقہ امتوں کے ایمان لانے کے بعد گمراہ ہونے والوں کا کیا سبب بیان ہوا؟

سوال نمبر 4: حضرت صالح علیہ السلام کی قوم نے ان کی اونٹنی کے ساتھ کیا کیا؟ نیز سورۃ الروم کی روشنی میں رات اور دن کے بنانے کا مقصد بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: سورۃ السجدۃ میں ایمان والوں کی کیا صفات بیان ہوئیں نیز قیامت کے دن کفار کس حال میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوں گے اور کیا التجا کریں گے؟

رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عامہ سال اول** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **العقیدۃ+الفقہ**

تاریخ: **04-02-2025** | دن: **منگل** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: | دستخط نگران مرکز امتحان: | دستخط مفتشہ:

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: وضو میں نیت۔۔۔ہے۔

(الف) واجب　(ب) فرض　(ج) سنت　(د) مستحب

سوال نمبر 2: وضو کے کتنے فرائض ہیں؟

(الف) 3　(ب) 4　(ج) 5　(د) 6

سوال نمبر 3: ہر سنت کا ترک۔۔۔ہے۔

(الف) مکروہ　(ب) حرام　(ج) ناجائز　(د) گناہ

سوال نمبر 4: یہودی کونسے نبی کو اللہ عزّوجل کا بیٹا کہتے ہیں؟

(الف) حضرت عیسیٰ　(ب) حضرت موسیٰ　(ج) حضرت عزیر　(د) حضرت یحییٰ علیہم السلام

سوال نمبر 5: عصا کا اژدھا بن جانا۔۔۔کا معجزہ ہے۔

(الف) حضرت سلیمان　(ب) حضرت داؤد　(ج) حضرت موسیٰ　(د) حضرت عیسیٰ علیہم السلام

سوال نمبر 6: جو نئی شریعت لائے ان کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) نبی　(ب) رسول　(ج) ولی　(د) الف اور ب جز دونوں

سوال نمبر 7: انجیل کونسے نبی علیہ السلام پر نازل ہوئی؟

(الف) حضرت عیسیٰ　(ب) حضرت موسیٰ　(ج) حضرت داؤد علیہم السلام　(د) حضرت محمد ﷺ

سوال نمبر 8: نابینا کی آنکھ سے جو رطوبت بوجہ مرض نکلتی ہے وہ۔۔۔ہے۔

(الف) ناپاک　(ب) پاک　(ج) نجس العین　(د) عام رطوبت

سوال نمبر 9: بے وضو قرآن پاک کی کسی آیت کا چھونا۔۔۔ہے۔

(الف) مکروہ　(ب) ناجائز　(ج) حرام　(د) گناہ

سوال نمبر 10: غسل کے مستحب مواقع۔۔۔ہیں۔

(الف) 24　(ب) 25　(ج) 26　(د) 29

سوال نمبر 11: وقوفِ عرفہ کے وقت غسل۔۔۔ہے۔

(الف) سنت　(ب) واجب　(ج) فرض　(د) مستحب

سوال نمبر 12: ۔۔۔آواگون کو مانتے ہیں۔

(الف) ہندو　(ب) سکھ　(ج) یہودی　(د) عیسائی

سوال نمبر13: نامہ اعمال لکھنے والے فرشتوں کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) رضوان (ب) کراماً کاتبین (ج) منکر نکیر (د) جبرائیل و میکائیل

سوال نمبر14: کن کن سے قبر میں سوال نہیں ہوں گے؟

(الف) انبیاء علیہم السلام (ب) جمعہ کے دن مرنے والے (ج) رمضان میں مرنے والے (د) تمام

سوال نمبر15: دجال کتنے دن میں پوری دنیا میں پھرے گا؟

(الف) 30 (ب) 40 (ج) 50 (د) 60

سوال نمبر16: مردے سے قبر میں کتنے سوال ہوں گے؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر17: تیمّم کی کتنی سنتیں ہیں؟

(الف) 3 (ب) 10 (ج) 12 (د) 5

سوال نمبر18: لڑکی کتنی سے کتنی عمر تک بالغہ ہوتی ہے؟

(الف) 9 سال سے 12 سال (ب) 9 سال سے 15 سال (ج) 12 سال سے 15 سال (د) 9 سال سے 14 سال

سوال نمبر19: غسل میں کلی کرنا اور ناک میں پانی چڑھانا۔۔۔ہے۔

(الف) فرض (ب) سنت مؤکدہ (ج) واجب (د) مستحب

سوال نمبر20: غسل میں بازو کے ہر پہلو کو دھونا۔۔۔ہے۔

(الف) واجب (ب) سنت (ج) مستحب (د) احتیاطی طور پر

سوال نمبر21: مشہور فرشتے کتنے ہیں؟

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) ان کی تعداد معلوم نہیں

سوال نمبر22: وہ عجیب و غریب کام جو عادتاً ناممکن ہو اگر ولی سے ظاہر ہو تو اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) معجزہ (ب) کرامت (ج) الہام (د) استدراک

سوال نمبر23: فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کو کونسا سجدہ کیا تھا؟

(الف) سجدہ تعظیمی (ب) سجدہ تکریمی (ج) سجدہ عبادت (د) سجدہ تلاوت

سوال نمبر24: امام جلال الدین نے خصائص کبریٰ میں آقا کریم علیہ الصلاۃ والسلام کے کتنے اوصاف جمع کیے۔

(الف) 200 (ب) 200 کے قریب (ج) 250 (د) 250 کے قریب

سوال نمبر25: چوتھائی سر کا مسح۔۔۔ہے۔

(الف) فرض (ب) سنت (ج) واجب (د) مستحب

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: عامہ سال اول — پرچہ: تیسرا — مضمون: العقیدۃ+الفقہ

تاریخ: 04-02-2025 — دن: منگل — کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ — کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: دھونے کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 2: سونے کے کوئی تین ایسے انداز تحریر کیجئے جن سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

سوال نمبر 3: غسل جنابت میں تاخیر کب تک حرام ہے؟

سوال نمبر 4: دودھ پیتے بچے کے پیشاب اور قے کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 5: وحی کیا ہوتی ہے؟

سوال نمبر 6: علم اسماء کس کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 7: ہم اللہ عزّوجل کی عبادت کیوں کرتے ہیں؟

سوال نمبر 8: معجزہ اور کرامت میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 9: غسل فرض ہونے کے تین اسباب قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 10: تیمّم کے فرائض تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: نماز میں کنکریاں ہٹانے کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: عملِ قلیل کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 13: وبد کیا ہے؟

سوال نمبر 14: تقدیر کی اقسام کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: صراط کیا ہے؟

سوال نمبر 16: جہنمی کے لئے سب سے ہلکا عذاب کیا ہوگا؟

سوال نمبر 17: سجدہ سہو کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: تیمّم میں بسم اللہ شریف کہنے کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 19: خلفائے راشدین سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 20: مسلمان کو کلمات کفر کی تعلیم و تلقین کرنے کا کیا حکم ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: وضو کے پندرہ (15) مستحبات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: پیغمبروں اور دوسرے انسانوں میں کیا فرق ہے؟ تفصیل سے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: ارتداد سے توبہ کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: قرآن مجید میں کن کن انبیائے کرام علیہم السلام کا ذکر ہے ان کے اسمائے مبارکہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: اسلامی بہنوں کی نماز کا حنفی طریقہ تفصیل کے ساتھ سپرد قلم کیجئے۔

سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

| | | |
|---|---|---|
| درجہ: عامہ سال اول | پرچہ: چوتھا | مضمون: الصرف |
| تاریخ: 06-02-2025 | دن: جمعرات | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25 |

مرکز امتحان: __________ دستخط نگران مرکز امتحان: __________ دستخط مفتش: ______

رول نمبر: __________

دستخط طالبہ: __________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: فَہِمَ کے کیا معنی ہیں؟

(الف) وہ بولا (ب) وہ سمجھا (ج) وہ بیٹھا (د) وہ گیا

سوال نمبر 2: فعل امر کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف) 5 (ب) 3 (ج) 4 (د) 2

سوال نمبر 3: "تا" فعل مضارع کے کتنے صیغوں کے شروع میں ہوتی ہے؟

(الف) 2 (ب) 5 (ج) 8 (د) 12

سوال نمبر 4: معرفہ کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 6 (د) 7

سوال نمبر 5: یَخْصِفَانِ کونسا صیغہ ہے؟

(الف) جمع مذکر حاضر (ب) جمع مذکر غائب (ج) تثنیہ مذکر غائب (د) واحد مذکر غائب

سوال نمبر 6: رَجُلٌ کلمے کی کونسی قسم ہے؟

(الف) اسم (ب) فعل (ج) حرف (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 7: زمانے کے اعتبار سے فعل کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 8: یَضْحَکُ کس کا صیغہ ہے؟

(الف) فعل ماضی (ب) فعل مضارع (ج) فعل امر (د) فعل نہی

سوال نمبر 9: کلمے کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 3 (د) 2

سوال نمبر 10: فعل ماضی معروف کے کتنے اوزان ہیں؟

(الف) 7 (ب) 5 (ج) 4 (د) 3

سوال نمبر 11: تَفَقَّهُ کونسا صیغہ ہے؟

(الف) واحد مذکر غائب (ب) واحد مذکر حاضر (ج) تثنیہ مذکر غائب (د) جمع مذکر غائب

سوال نمبر 12: "ی" مضارع کے کتنے صیغوں کے شروع میں آتی ہے؟

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

سوال نمبر13: مضارع میں کتنے صیغوں کے آخر میں نونِ اعرابی بڑھادیتے ہیں؟

(الف)5　(ب)6　(ج)7　(د)8

سوال نمبر14: فعل مضارع مجہول کس سے بنتا ہے؟

(الف) فعل ماضی معروف　(ب) فعل مضارع معروف　(ج) فعل امر معروف　(د) فعل نہی معروف

سوال نمبر15: تَحْمَلِیْنَ کونسا صیغہ ہے؟

(الف) واحد مذکر غائب　(ب) واحد مؤنث غائب　(ج) واحد مذکر حاضر　(د) واحد مؤنث حاضر

سوال نمبر16: فعل امر حاضر معروف کے کتنے صیغے ہوتے ہیں؟

(الف)4　(ب)5　(ج)6　(د)7

سوال نمبر17: قَعَدَتْ کلمے کی کونسی قسم ہے؟

(الف) اسم　(ب) فعل　(ج) حرف　(د) کوئی نہیں

سوال نمبر18: اِیَّاهُمْ کونسی ضمیر ہے؟

(الف) مرفوع متصل　(ب) مرفوع منفصل　(ج) منصوب متصل　(د) منصوب منفصل

سوال نمبر19: ضمیر متصل کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف)8　(ب)4　(ج)2　(د)3

سوال نمبر20: فعل ماضی کے کتنے صیغوں میں ضمیر بارز ہوتی ہے؟

(الف)8　(ب)10　(ج)12　(د)6

سوال نمبر21: کلام عرب کا میزان کرتے ہوئے صرفی کون سے کلمات کا انتخاب کرتے ہیں؟

(الف) ف ی ل　(ب) ف و ل　(ج) ف ع ل　(د) ف ء ل

سوال نمبر22: جس کلمے میں تین حروف اصلی کے علاوہ کوئی زائد حرف ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) ثلاثی مجرد　(ب) ثلاثی مزید فیہ　(ج) رباعی مجرد　(د) رباعی مزید فیہ

سوال نمبر23: حروف مضارع کتنے ہیں؟

(الف)2　(ب)3　(ج)4　(د)5

سوال نمبر24: لَهُنَّ کونسی ضمیر ہے؟

(الف) مرفوع متصل　(ب) منصوب متصل　(ج) مجرور متصل　(د) منصوب منفصل

سوال نمبر25: ضَرَبْتُنَّ کونسا صیغہ ہے؟

(الف) واحد مؤنث حاضر　(ب) تثنیہ مؤنث حاضر　(ج) جمع مؤنث حاضر　(د) جمع مؤنث غائب

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عامہ سال اول** | پرچہ: **چوتھا** | مضمون: **الصرف**

تاریخ: **06-02-2025** | دن: **جمعرات** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: علم صرف کی تعریف اور موضوع تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: فاعل کی طرف نسبت کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون سی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر 3: اسم مبالغہ کی تعریف اور مثال بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: اسم ظرف کے ثلاثی مجرد سے کتنے اور کون کون سے اوزان ہیں؟ مثال سے واضح کیجئے۔

سوال نمبر 5: اسم مفعول کی تعریف اور مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: ثلاثی مجرد سے اسم فاعل کا وزن مثال کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: درج ذیل الفاظ سے صیغے کی پہچان اور ترجمہ کیجئے۔ لَا اَفْسُدُ لَا تَحْزَنِی لِتَجْهَلْ

سوال نمبر 8: باب کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 9: مشتق کی تعریف اور اقسام کے صرف نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: فعل نہی مجہول کی تعریف اور مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: حروف اصلی اور زائدہ میں فرق تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: فعل مضارع کے کتنے صیغوں کا آخر مرفوع ہوتا ہے؟ مع امثلہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 13: ضمیر مرفوع متصل کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: فعل امر غائب اور متکلم معروف بنانے کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: ضمیر مجرور متصل کی تعریف مع مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: ثلاثی مجرد کے کتنے ابواب ہیں؟

سوال نمبر 17: ضمیر منصوب متصل کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: فعل مضارع کے کتنے صیغوں میں ضمیر مستتر ہوتی ہے؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: فعل ماضی مجہول بنانے کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: صیغوں کی پہچان کرکے ترجمہ کیجئے۔ نَطْمِس يَغْزِلْنَ يَبْطِشُ

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: (الف) فعل امر حاضر معروف بنانے کا طریقہ تفصیلاً تحریر کیجئے۔

(ب) مصدر، مشتق اور جامد کی تعریفات مع امثلہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: (الف) اسم آلہ کے کتنے اور کون کون سے اوزان ہیں؟ مثال سے واضح کیجئے۔

(ب) اسم تفضیل کی تعریف مع مثال قلمبند کیجئے نیز اس کے اوزان تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل صیغوں کی پہچان کیجئے اور ترجمہ بھی کیجئے۔

سَامِعَتَانِ حَاسِب تَفْقَهُوْنَ يَفْتَحْنَ جُرِحْنَا

(ب) صفت مشبہ کی تعریف اور اوزان تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: (الف) تقدیماً مصدر سے فعل مضارع معروف کی گردان تحریر کیجئے۔

(ب) فعل مضارع مجہول بنانے کا طریقہ قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 5: (الف) اسمائے مشتقہ کی اقسام کی پہچان کیجئے۔

اَشْرَف مِكْشَف صَبُوْر مِلْعَقَة اَفْهَمُوْنَ

(ب) اسم مبالغہ کے کوئی پانچ اوزان ترجمہ کے ساتھ تحریر کیجئے۔

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: علم نحو کا موضوع۔۔۔ ہے۔

(الف) کلمہ (ب) کلام (ج) کلمہ اور کلام (د) اسم و فعل

سوال نمبر 2: بے معنی لفظ کو۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) موضوع (ب) مہمل (ج) مستعمل (د) غیر مستعمل

سوال نمبر 3: جس جملے کو سچا یا جھوٹا نہ کہا جاسکتا ہو اسے۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) جملہ اسمیہ (ب) جملہ فعلیہ (ج) جملہ خبریہ (د) جملہ انشائیہ

سوال نمبر 4: مرکب کی۔۔۔ اقسام ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر 5: جس اسم سے معین چیز نہ سمجھی جائے اسے۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) معرفہ (ب) نکرہ (ج) ضمیر (د) اسمائے موصولہ

سوال نمبر 6: صغری میں علامتِ تانیث۔۔۔ ہے۔

(الف) الف ممدودہ (ب) الف مقصورہ (ج) تائے مقدرہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: جس جمع میں واحد کا صیغہ سلامت ہو اسے۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) جمع مکسر (ب) جمع تکسیر (ج) جمع سالم (د) اسم جمع

سوال نمبر 8: رَسُوْلُ اللّٰہِ مرکبِ۔۔۔ ہے۔

(الف) توصیفی (ب) اضافی (ج) بنائی (د) مزجی

سوال نمبر 9: جو نکرہ معرفہ کی طرف مضاف ہو وہ۔۔۔ بن جاتا ہے۔

(الف) نکرہ مخصوصہ (ب) نکرہ معینہ (ج) معرفہ (د) معرف باللام

سوال نمبر 10: "قُرِءَ الْقُرْآنُ" میں الْقُرْآنُ۔۔۔ ہے۔

(الف) فاعل (ب) نائب الفاعل (ج) مفعول (د) مضاف الیہ

سوال نمبر 11: مبتدا اور خبر۔۔۔ ہوتے ہیں۔

(الف) مرفوع (ب) منصوب (ج) مبتدا مرفوع خبر منصوب (د) مبتدا منصوب خبر مرفوع

سوال نمبر 12: کل۔۔۔ قسم کے الفاظ مبنی ہوتے ہیں۔

(الف) چار (ب) پانچ (ج) چھ (د) سات

سوال نمبر13:هما اسم۔۔۔ہے۔

(الف) متمکن (ب) غیر متمکن (ج) معرب (د) موصولہ

سوال نمبر14: ضمیر کی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

سوال نمبر15: ھٰذَا اسم اشارہ ہے۔

(الف) للقریب (ب) للبعید (ج) للقریب والبعید (د) للمکان

سوال نمبر16: الذی۔۔۔کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

(الف) واحد مذکر (ب) واحد مؤنث (ج) تثنیہ مذکر (د) تثنیہ مؤنث

سوال نمبر17: شمس۔۔۔ہے۔

(الف) مذکر (ب) مؤنث حقیقی (ج) مؤنث لفظی (د) مؤنث سماعی

سوال نمبر18: مُسْلِمِیْنَ۔۔۔ہے۔

(الف) تثنیہ مذکر سالم (ب) جمع مذکر سالم (ج) تثنیہ مؤنث سالم (د) جمع مؤنث سالم

سوال نمبر19: "رَجُلٌ صَالِحٌ" میں صَالِحٌ۔۔۔ہے۔

(الف) موصوف (ب) صفت (ج) مضاف (د) مضاف اِلیہ

سوال نمبر20: جس اسم کے ذریعے کسی چیز کے بارے میں سوال کیا جائے اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) اسم ظرف (ب) اسم استفہام (ج) اسم موصول (د) اسم شرط

سوال نمبر21: رَسُوْلُنَا۔۔۔ہے۔

(الف) مفرد (ب) کلمہ (ج) مرکب (د) جملہ

سوال نمبر22: قَدْسَرَقَ۔۔۔ہے۔

(الف) اسم (ب) فعل (ج) حرف (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: الدَّرْسُ۔۔۔ہے۔

(الف) معرف بالاضافۃ (ب) معرف باللام (ج) معرف بالنداء (د) اسم علم

سوال نمبر24: مبتدا۔۔۔ہوتا ہے۔

(الف) معرفہ (ب) نکرہ مخصوصہ (ج) نکرہ (د) معرفہ یا نکرہ مخصوصہ

سوال نمبر25: وہ جملہ جس میں کوئی آرزو کی گئی ہو وہ۔۔۔کہلاتا ہے۔

(الف) ترجی (ب) تمنی (ج) عقود (د) نہی

رول نمبر: _______________

جوابی کاپی نمبر: _____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عامہ سال اول** | پرچہ: **پانچواں** | مضمون: **النحو**

تاریخ: **08-02-2025** | دن: **ہفتہ** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: کسی اسم میں الف لام اور تنوین جمع ہو سکتے ہیں؟

سوال نمبر 2: تعداد کے لحاظ سے اسم کی اقسام کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 3: مرکب اضافی کسے کہتے ہیں نیز مضاف اور مضاف اِلیہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 4: جملہ اسمیہ، مبتدا اور خبر کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 5: اعراب بالحرکۃ اور اعراب بالحرف کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 6: کل کتنے اور کون کونسے الفاظ معرب ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 7: اسم اشارہ اور مشارٌ الیہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 8: کوئی تین اسم شرط تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: منصرف و غیر منصرف کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 10: تثنیہ کا اعراب مع امثلہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11: حروف مشبہ بالفعل کیا عمل کرتے ہیں؟

سوال نمبر 12: حال وذوالحال کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 13: تمییز عن الذات اور تمییز عن النسبة کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 14: "اَللَّبَنُ حَارٌّ" میں مناسب فعل ناقص لگا کر عمل دیجئے۔

سوال نمبر 15: "قَامَ الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدٌ" مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ الگ کیجئے۔

سوال نمبر 16: مرفوعات، منصوبات اور مجرورات کی تعداد تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: اسم فاعل کیا عمل کرتا ہے؟

سوال نمبر 18: مفعول مطلق کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر 19: معرب اور مبنی الگ کیجئے۔ سَمِعَ رِجَالٌ اِجْلِسْ

سوال نمبر 20: کوئی دو معطوف اور معطوف علیہ الگ کیجئے۔ غَسَلْتُ الْوَجْهَ فَالْیَدَ جَاءَ زَیْدٌ وَبَکْرٌ اَکَلَ السَّمْکَةَ حَتّٰی رَاْسَهَا

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: کلمہ کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟ تعریفات مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: صفت اگر مفرد ہو تو اس کا کتنی اور کون کونسی چیزوں میں موصوف کے مطابق ہونا ضروری ہے؟

سوال نمبر 3: کوئی سے پانچ تعریفات تحریر کیجئے۔

لائے نفی جنس مفعول بہ فعل معروف تابع اسمائے افعال اضافت

سوال نمبر 4: بدل کی اقسام کی تعریفات مع مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: اسم مفعول کسے کہتے ہیں اور اس کے عمل کی کیا شرطیں ہیں؟